جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

وفاقی وزیر مذہبی امور جناب اعجاز الحق اور انٹرنیشنل ادارہ سالٹ کے سربراہ ڈاکٹر اینڈریو کی دارالعلوم آمد:

۱۴ر دسمبر کو وفاقی وزیر مذہبی امور جناب اعجاز الحق نے ہالینڈ سے آئے ہوئے فلاحی ادارہ سالٹ (SALT) کے سربراہ ڈاکٹر اینڈریو وان اور لاہور کے بشپ کے ساتھ دارالعلوم حقانیہ کا دورہ کیا اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے تفصیلی بات چیت کی انہوں نے دارالعلوم کے تمام اہم شعبوں اور نصاب ونظام میں بڑی گہری دلچسپی لی۔ انہوں نے دارالعلوم حقانیہ ہائی سکول میں طلبہ سے خطاب بھی کیا۔ اور کہا کہ مجھے یہاں آکر بڑی خوشی ہوئی ہے آپ لوگ تعلیم پھیلا رہے ہیں اور تعلیم روشنی کا نام ہے۔ میں خود بھی دنیا بھر میں جہالت کے خلاف جنگ کو اپنا مقصد سمجھتا ہوں، اور ہمیشہ اپنے پاس اپنی مذہبی کتاب انجیل رکھتا ہوں۔ میری زندگی کا مقصد دوسرے ملکوں میں اللہ کا کلام پہنچانا ہے۔ میں فلسطین میں غزہ یونیورسٹی میں بھی اسلام اور مسیحیت پر لیکچر دیتا ہوں۔ آپ لوگ بھی اسلام اور دیگر مذاہب کا مطالعہ کریں۔ آپ لوگوں کو چاہیے کہ خوب محنت کریں اور دارالعلوم حقانیہ جو علم اور امن کی جگہ ہے یہاں پر یکسوئی کے ساتھ علم کی روشنی حاصل کریں۔ میں حقانیہ کو دوبارہ بھی آؤں گا مجھے یہاں آکر بڑی خوشی ہوئی ہے اور میں مولانا سمیع الحق صاحب کا بھی خصوصی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمارا بڑا اچھا خیرمقدم کیا ہے۔ اس موقع پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے خیرمقدمی کلمات میں مدارس دینیہ کے بارے میں مغربی خدشات کو غلط فہمی یا جان بوجھ کر پروپیگنڈہ قرار دیا اور کہا کہ ہمارے مدارس کھلی کتاب کی مانند ہیں۔ ہم نے پچھلے پانچ چھ سال سے دارالعلوم کے دروازے مغربی میڈیا کیلئے کھولے ہوئے ہیں۔ اور یہاں پر کوئی دہشت گردی یا تخریب کاری کی تعلیم نہیں دی جاتی۔ مغرب کو چاہیے کہ وہ اسلام اور دینی مدارس کی حقیقت کو تسلیم کرے۔ اس موقع پر وفاقی مذہبی امور جناب اعجاز الحق نے بھی مختصر خطاب فرمایا اور انہوں نے اس موقع پر کہا کہ دارالعلوم میں حاضری کا کئی بار مجھے موقع ملا ہے لیکن مجھے پہلی مرتبہ حقانیہ کے ہائی اسکول تعلیم القرآن آکر حیرت اور خوشی ہوئی ہے کہ اتنا خوبصورت اور معیاری سکول بھی آپ حضرات مدرسہ کیساتھ ساتھ گزشتہ 68 سال سے کامیابی کے ساتھ چلا رہے ہیں۔ میں یہ بات دنیا بھر میں پہنچاؤں گا کہ دارالعلوم حقانیہ میں عصری علوم وفنون پر مشتمل ایک بڑا ہائی سکول بھی اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ بہت جلد آپ لوگوں کو یہ خوشخبری بھی مل جائے گی کہ وفاق المدارس سمیت تمام وفاقوں کو حکومت قانونی بورڈز کا درجہ دے رہی ہے۔ اسلام رواداری، اخوت اور محبت کی تلقین کرتا ہے۔ میں آپ کے درمیان خود کو پا کر بڑی خوشی محسوس کر رہا ہوں۔

جرمن جرنلسٹ کی دارالعلوم آمد: جرمنی کے سرکاری اور مرکزی ریڈیو کے اہم عہدیدار مارک تھورنر (Marc Thoerner) نے دارالعلوم کا دورہ کیا اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب سے ریڈیو کیلئے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیا۔